© rasailojaraid.com

دوران میں وضع کی گئی تھی جسے بعینہ مسلم دنیا پر منطبق نہیں کیا جاسکتا۔ مزید برآں اگر بنیاد پرستی کو عمومی مفہوم میں لیا جائے تو اسلام پر یقین و ایمان رکھنے والے تمام مسلمان بنیاد پرست ہیں کیونکہ وہ بہرحال اسلام کے بنیادی اصولوں پر عمل پیرا ہیں۔" (ہفت روزہ "تعمیرِ حیات" - لکھنؤ ۲۵ نومبر ۱۹۹۲ء)

## ویٹیکن: مسلم رہنماؤں پر پوپ کی تنقید

گزشتہ ماہ کے آغاز میں پوپ جان پال دوم نے بنین سے اپنے دورۂ افریقہ کا آغاز کیا جو چند روز بعد سوڈان میں ختم ہوا۔ اس دورے میں اُنھوں نے سوڈان میں نفاذِ اسلام کی کوششوں پر بالخصوص گفتگو کی۔ دورے کے آغاز میں اُنھوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے مسلم رہنماؤں کو تنقید کا نشانہ بنایا جو "مسیحیوں پر اسلامی قانون تھوپ رہے ہیں۔ وہ حکومتِ سوڈان کو بارہا اس طرف توجہ دلا چکے ہیں کہ مسیحی برادری کو مبیّنہ طور پر ڈرایا دھمکایا جارہا ہے۔ (رپورٹ: بی - بی - سی، ۴ فروری ۱۹۹۳ء)



© rasailojaraid.com